## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 9th April, 2025 at 4:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith*, *Naat*and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.**

**MS. ASIYA NAZ TANOLI** **MS. NUZHAT SADIQ**
**MS. SHAISTA PERVAIZ** **MS. MUNEEBA IQBAL**
**MS. SHAISTA KHAN** to invite attention of the Minister for Human Rights to a matter of urgent public importance regarding deprivation of women's lawful share in inheritance due to legal loopholes and patriarchal resistance, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move for leave to introduce a Bill to establish Parliamentary Budget Office to enhance fiscal oversight, transparency, and parliamentary scrutiny of budgetary matters [The Parliamentary Budget Office Bill, 2025].

**5.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**6.** **KHAWAJA IZHAR UL HASSAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2025] (section 382A and 181).

**7.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**8.** **MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** to move for leave to introduce a Bill to provide for establishment of the Al Musaddiq Institute of Higher Education [The Al Musaddiq Institute of Higher Education Bill, 2025].

**9.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**10.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology Bill, 2025].

**11.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**12.** **SYED ABRAR ALI SHAH** to move for leave to introduce a Bill to rationalize the distance and equity of toll plazas on national highways and motorways[The Toll Plaza Rationalization and Equity Bill, 2025].

**13.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**14.** **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to amend Right to Free and Compulsory Education Act, 2012[The Right to Free and Compulsory Education (Amendment) Bill, 2025].

**15.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**16.** **MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Industrial Relations Act, 2012[The Industrial Relations (Amendment) Bill, 2025].

**17.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**18.** **MK SYED SAMI UL HASAN GILANI** to move for leave to introduce a Bill to provide for establishment of the al-Biruni International University, Islamabad [The al-Biruni International University Bill, 2025].

**19.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**20.** **MR. JAMSHAID AHMAD** to move for leave to introduce a Bill to abolish Profession-Based Caste Discrimination [The Profession-Based Caste Discrimination Abolition Bill, 2025].

**21.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**22.** **MS. NOSHEEN IFTIKHAR** to move for leave to introduce a Bill to amend the Anti-Rape (Investigation and Trial) Act, 2021 [The Anti-Rape (Investigation and Trial) (Amendment) Bill, 2025].

**23.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**24.** **KHAWAJA IZHAR UL HASSAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951[The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2025].

**25.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**26.** **MS. MUSSARAT RAFIQUE MAHESAR** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**27.** **MS. MUSSARAT RAFIQUE MAHESAR** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], be passed.

**28.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**29.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], be passed.

**30.** **MS. SAMINA KHALID GHURKI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Ghurki Institute of Science and Technology [The Ghurki Institute of Science and Technology Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**31.** **MS. SAMINA KHALID GHURKI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Ghurki Institute of Science and Technology [The Ghurki Institute of Science and Technology Bill, 2024], be passed.

## MOTION

**32.** **MR. MUHAMMAD IDREES**, Chairman Standing Committee on Energy (Power Division) to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the matter regarding the disconnection, overbilling and unannounced load shedding in Karachi and erstwhile FATA (moved by Muhammad Iqbal and Syed Rafiullah, MNAs) referred to the Committee on 29.04.2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**33.** **MR. MUHAMMAD IDREES**, Chairman Standing Committee on Energy (Power Division) to present report of the Standing Committeeon the matter regarding the disconnection, overbilling and unannounced load shedding in Karachi and erstwhile FATA.

## MOTION

**34.** **SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman of the Standing Committee on Industries and Production, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on Starred Question No, 51 referred to the Committee on 9th August 2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**35.** **SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman of the Standing Committee on Industries and Production, have the honor to present this report on Starred Question No, 51 referred to the Committee on 9th August 2024.

## AMENDMENT TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**36.** **SYED RAFIULLAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 43 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 43, for sub-rule (4), the following shall be substituted, namely:-

> "(**4**) The date of submission of the resignation of a member shall be the datespecified in writing by the member, or, if no date is specified, the date of receipt of suchresignation by the Speaker. Such resignation shall only be deemed effective on the datethe Speaker formally accepts the resignation in writing. During the period between thesubmission of the resignation and its acceptance by the Speaker, the member shall notbe entitled to receive any pay, allowances, or privileges otherwise admissible to a sittingmember under any law, rule, or statute.".

**37.** **SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**38.** **SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**39.** **SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the government should take immediate steps to bring reforms in civil and criminal laws to ensure inexpensive and speedy justice."

**40.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the government should take immediate steps to ensure long-term climate resilience and sustainable development."

**41.** **MS. SEHAR KAMRAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the government should take immediate steps to empower women politically and economically through legislation."

**42.** **MR. MUHAMMAD ASLAM GHUMAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that government should take steps to reduce the huge burden of income tax from salaries of Federal Government Employees."

**43.** **SYED WASEEM HUSSAIN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the government should take immediate steps for issuance of new gas connections in Hyderabad."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**44.** **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM**to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of non-provision of free medical treatment including medicines to the diabetic and cancer patients in Islamabad.

**45.** **MS. SHAHIDA REHMANI**to move the following motion:-

"This House may discuss foreign policy of the Government.

**46.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Pakistan Railways.

**47.** **MS. SEHAR KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the effects of climate change on agricultural productivity in the country.

**48.** **RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the need to provide subsidized electricity to farmers in the country.

## DISCUSSION ON A MATTER OF URGENT PUBLIC IMPORTANCE UNDER RULE 87

**49.** **MS. ALIYA KAMRAN** "The failure of the Federal Directorate of Education (FDE), Islamabad, to provide admission to all the out of school students, intending to seek enrollment in their desired classes in the respective schools under FDE's control''.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**50.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**51.** **SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to invite attention of the Minister for Finance and Revenue to a matter of urgent public importance regarding non-adjustment of the share of erstwhile FATA after its merger under the NFC Award, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**8th April, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۹/ اپریل، ۲۰۲۵ء شام چار بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ آسیہ ناز تنولی** **محترمہ نزہت صادق** **محترمہ شائستہ پرویز** **محترمہ منیبہ اقبال** **محترمہ شائستہ خان** وزیر برائے انسانی حقوق کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو قانونی سقم اور پدرانہ مزاحمت کے باعث وراثت میں خواتین کے قانونی حصہ سے محرومی سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ مالیاتی نگرانی، شفافیت اور بجٹ کے معاملات کی پارلیمانی جانچ کو بڑھانے کے لیے پارلیمانی بجٹ آفس کے قیام کا بل [پارلیمانی بجٹ آفس بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۵۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۶۔ **خواجہ اظہار الحسن** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۳۸۲/الف اور ۱۸۱) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۷۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۸۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** تحریک پیش کریں گے کہ المصدق ادارہ برائے اعلیٰ تعلیم کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [المصدق ادارہ برائے اعلیٰ تعلیم بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۹۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۰۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ وٹیکنالوجی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ وٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۱۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۲۔ **سید ابرار علی شاہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی شاہراہوں اور موٹر ویز پر ٹول پلازوں کے فاصلہ اور فیسوں کو معقول اور مساوی بنانے کا بل [ٹول پلازوں کے فاصلے وفیسوں کو معقول اور مساوی بنانے کا بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۳۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۴۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ مفت اور لازمی تعلیم کا حق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [مفت اور لازمی تعلیم کا حق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۵۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۶۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [صنعتی تعلقات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۷۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۸۔ **مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی** تحریک پیش کریں گے کہ البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۹۔ اگراجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۰۔ **جناب جمشید احمد** تحریک پیش کریں گے کہ پیشے پر مبنی ذات پات کی تفریق کے خاتمے کا بل [پیشے پر مبنی ذات پات کی تفریق کے خاتمے کا بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۱۔ اگراجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۲۔ **محترمہ نوشین افتخار** تحریک پیش کریں گی کہ انسداد زنا بالجبر (تفتیش و سماعت مقدمہ) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [انسداد زنا بالجبر (تفتیش و سماعت مقدمہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۳۔ اگراجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۲۴۔ **خواجہ اظہار الحسن** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۵۔ اگراجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۲۶۔ **محترمہ مسرت رفیق مہیسر** تحریک پیش کریں گی کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۲۷۔ **محترمہ مسرت رفیق مہیسر** تحریک پیش کریں گی کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۲۸۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانات بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانات بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۹۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانات بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانات بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۰۔ **محترمہ ثمینہ خالد گھرکی** تحریک پیش کریں گی کہ گھر کی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [گھر کی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۳۱۔ **محترمہ ثمینہ خالد گھرکی** تحریک پیش کریں گی کہ گھر کی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [گھر کی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۳۲۔ **جناب محمد ادریس**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) تحریک پیش کریں گے کہ ۲۹/اپریل، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ کراچی اور سابق فاٹا میں کنکشن کاٹنے، زائد بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے متعلق معاملہ (پیش کردہ منجانب محمد اقبال اور سید رفیع اللہ، اراکین قومی اسمبلی) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۳۔ **جناب محمد ادریس**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) کراچی اور سابق فاٹا میں کنکشن کاٹنے، زائد بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے متعلق معاملہ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۴۔ **سید حفیظ الدین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت وپیداوار تحریک پیش کریں گے کہ ۹/اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۵۔ **سید حفیظ الدین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت وپیداوار ۹/اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۳۶۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے :۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۴۳ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۴۳ میں، ذیلی قاعدہ (۴) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۴) کسی رکن کے استعفیٰ کی تاریخ اس رکن کی تحریر کردہ تاریخ ہوگی، یا، اگر کوئی تاریخ صراحت نہ کی گئی ہو تو اسپیکر کی جانب سے اس استعفیٰ کی وصولی کی تاریخ استعفیٰ کی تاریخ ہوگی۔ یہ استعفیٰ اس تاریخ کو مؤثر بہ عمل متصور ہوگا جب اسپیکر اس استعفیٰ کو تحریری طور پر باضابطہ قبول کرے۔ استعفیٰ جمع کروانے اور اسپیکر کی جانب سے اسے قبول کرنے کے عرصہ کے دوران وہ رکن کوئی تنخواہ، الاؤنسز یا استحقاقات حاصل کرنے کا حقدار نہیں ہوگا جو بصورت دیگر کسی بھی قانون، قاعدے یا قانون موضوعہ کے تحت کسی موجودہ رکن کو دیئے جاتے ہیں۔''۔

۳۷۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۳۸۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۳۹۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت سستے اور فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے دیوانی اور فوجداری قوانین میں اصلاحات لانے کی بابت فوری اقدامات کرے۔''

۴۰۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت طویل مدتی موسمیاتی موافقت اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

۴۱۔ **محترمہ سحر کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت قانون سازی کے ذریعے خواتین کو سیاسی اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

۴۲۔ **جناب محمد اسلم گھمن** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت وفاقی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے انکم ٹیکس کے بھاری بوجھ کو کم کرنے کے لیے اقدامات کرے۔''

۴۳۔ **سید وسیم حسین** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت حیدرآباد میں گیس کے نئے کنکشن کے اجراء کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

**تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹**

۴۴۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان اسلام آباد میں ذیابیطس اور کینسر کے مریضوں کو مفت طبّی علاج بشمول ادویات کی عدم فراہمی سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔''

۴۵۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان حکومت کی خارجہ پالیسی پر بحث کرے۔''

۴۶۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان پاکستان ریلوے کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۴۷۔ **محترمہ سحر کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان ملک میں زرعی پیداوار پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پر بحث کرے۔''

۴۸۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ملک میں کسانوں کو رعایتی نرخوں پر بجلی کی فراہمی کی ضرورت پر بحث کرے۔''

**قاعدہ ۸۷ کے تحت فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث**

۴۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** ''جو اسکول سے باہر تمام طلباء جو وفاقی نظامت تعلیم (ایف ڈی ای) کے ماتحت متعلقہ اسکولوں میں اپنی مطلوبہ جماعتوں میں داخلہ لینے کے خواہشمند ہیں کو داخلہ دینے میں وفاقی نظامت تعلیم (ایف ڈی ای)، اسلام آباد کی ناکامی ہے''۔

**نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات**

۵۰۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۵۱۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** وزیر برائے خزانہ و محاصل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو سابق فاٹا کے انضمام کے بعد این ایف سی ایوارڈ کے تحت اس کے حصہ کے عدم تسویہ سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۸/اپریل، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**